**04.10.2023**
**13.50 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ............ ارجمند علی خان

**Music**

☆ سکم میں بادل پھٹنے سے تیستا دریا میں اچانک سیلاب سے کئی ضلعوں میں شدید نقصان کی خبر ہے۔ فوج کے 23 اہلکاروں سمیت متعدد افراد لاپتہ ہیں۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کرنے کی خاطر کل مدھیہ پردیش اور راجستھان کا دورہ کریں گے۔
☆ شمال مغربی اور جنوب مشرقی بہار میں شدید بارش کی اطلاع ہے۔
☆ اور ہانگژو ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اب تک کے سب سے زیادہ 73 تمغے جیتے ہیں۔ تیر اندازی کی مکسڈ ٹیم نے سونے کا تمغہ جیتا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Sikkim Outburst Lake**

سکم کے Mangan ضلع کی Lhonak جھیل میں بادل پھٹنے کے سبب آج صبح سویرے تیستا دریا کے طاس کے علاقوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا، جس کی وجہ سے اچانک سیلاب آ گیا۔ قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق ریاستی اتھارٹی نے اِس کی اطلاع دی۔ Pakyong ضلع میں فوج کے 23 اہلکار لاپتہ ہیں اور Bardang سے ایک شخص کو بچالیا گیا، جہاں کچھ گاڑیاں کیچڑ میں پھنس گئی تھیں۔ وزیر اعلیٰ پی ایس تمانگ، Singtam پہنچ گئے ہیں۔ Mangan، گنگٹوک، Pakyoung اور نامچی اضلاع سے شدید نقصان کی خبر ملی ہے۔ کئی پل تباہ ہوگئے ہیں اور مکانات بہہ گئے ہیں۔ Chungthang کے آس پاس Mangan ضلع میں مواصلاتی نظام متاثر ہوا ہے۔ Phidang اور Dikchu میں مکانات بہہ گئے ہیں۔ Sangkhalang میں جی آر ای ایف کے 2 مزدور لاپتہ ہیں۔ گنگٹوک ضلع میں ایس ڈی آر ایف نے 25 افراد کو بچایا۔ تقریباً 500 افراد امدادی کیمپوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں اور پرنامی مندر میں ایک مستقل امدادی کیمپ قائم کیا گیا ہے۔

**PM-MP-Rajasthan**

وزیراعظم نریندر مودی کل مدھیہ پردیش اور راجستھان کا دورہ کریں گے جہاں وہ 17 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی مدھیہ پردیش کے شہر جبل پور جائیں گے جہاں وہ سڑک، ریل، گیس پائپ لائن، ہاؤسنگ اور پینے کے صاف پانی جیسے شعبوں میں 12 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، سنگ بنیاد رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ اندور میں Light House Project کے

افتتاح سے سب کو مکانات فراہم کیے جانے کے ان کے ویژن کو تقویت حاصل ہوگی۔ پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت تقریباً 128 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیے گئے اس پروجیکٹ سے ایک ہزار سے زیادہ کنبے مستفید ہوں گے۔
گھروں میں نل کے ذریعہ پینے کا صاف پانی فراہم کیے جانے کے وزیراعظم کے ویژن کی تکمیل کی جانب ایک قدم بڑھاتے ہوئے Mandla، جبل پور اور Dindori اضلاع میں 2 ہزار 350 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی جل جیون مشن پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ جناب مودی سڑک بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی غرض سے 4 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ کے کئی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔
راجستھان میں وزیراعظم نریندر مودی کل جودھپور جائیں گے جہاں وہ سڑک، ریل، ہوابازی، صحت اور اعلیٰ تعلیم جیسے شعبوں میں تقریباً 5 ہزار کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔
وزیراعظم صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی غرض سے اہم پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ان پروجیکٹوں میں ایمس جودھپور میں 350 بستروں والا ٹراما سینٹر اور کریٹیکل کیئر اسپتال بلاک اور پردھان منتری ایوشمان بھارت صحت بنیادی ڈھانچہ مشن کے تحت 7 انتہائی نگہداشت والے بلاکس شامل ہیں۔ جناب مودی جودھپور ہوائی اڈے پر جدید نئی ٹرمنل عمارت کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ IIT جودھپور کیمپس کو بھی ملک کے نام وقف کریں گے۔

**PM-Svanidhi**

پرائم منسٹر اسٹریٹ وینڈرس آتم نربھر ندھی، پی ایم سوانِدھی اسکیم نے ملک بھر کے پچاس لاکھ سے زیادہ ریڑھی پٹری والوں کو تعاون فراہم کرکے ایک اہم سنگِ میل حاصل کیا ہے۔ ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت کے زیرِ اہتمام ایک پہل کے طور پر یہ اسکیم ریڑھی پٹری والوں کو باضابطہ طور پر اقتصادی دائرے میں لانے کیلئے بیحد اہم رہی ہے۔
اس سال یکم جولائی سے ہاؤسنگ اور شہری امور کی وزارت کے ذریعے ایک مہم کا آغاز کیا گیا جس میں اسکیم کے تحت حاصل کیے جانے والے اہداف کو از سر نو مقرر کیا گیا ہے۔
اس اجتماعی کوشش کے نتیجے میں پچاس لاکھ سے زیادہ ریڑھی پٹری والوں کو آٹھ ہزار چھ سو کروڑ روپے سے زیادہ کے تقریباً 66 لاکھ قرضے دیے گئے۔ پچھلے تین مہینے کے دوران ریاستوں نے 12 لاکھ سے زیادہ نئے ریڑھی پٹری والوں کو کامیابی کے ساتھ اِس میں شامل کیا ہے۔

**Home Ministry NLFT-ATTF**

مرکزی حکومت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ کے تحت نیشنل لبریشن فرنٹ آف تریپورہ NLFT، آل تریپورہ ٹائیگر فورس ATTF اور اس کی ذیلی تنظیموں کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔ وزارت داخلہ نے پانچ برس کے لیے اِن تنظیموں پر پابندی عائد کردی ہے۔ کل ایک نوٹیفکیشن میں وزارت داخلہ نے کہا کہ حکومت کا خیال ہے کہ NLFT اور ATTF کی سرگرمیاں ملک کی خودمختاری اور سالمیت کے لیے نقصان دہ ہیں اور یہ تنظیمیں غیر قانونی ہیں۔ یہ تنظیمیں تخریبی اور پُر تشدد سرگرمیوں میں ملوث ہیں، حکومت کے اختیارات کو چیلنج کر رہی ہیں اور اپنے مذموم مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے لوگوں کے درمیان دہشت گردی اور تشدد کو پھیلا رہی ہیں۔

**Bihar Weather**

بہار کے زیادہ تر حصوں میں جنوب مغربی مانسون سرگرم ہے جس کی وجہ سے شمال مغربی اور جنوب مشرقی خطوں میں شدید بارش ہوئی ہے۔ کیمور، گیا، اورنگ آباد، روہتاس، مشرقی چمپارن، اور مغربی چمپارن اور پڑوسی اضلاع میں شدید بارش ہوئی ہے۔ کیمور ضلع میں مسلسل بارش کی وجہ سے karmnasha، Durgawati اور Suvara دریا طغیانی پر ہیں۔ محکمہ موسمیات نے اگلے 48 گھنٹے کے لیے ریاست کے کئی حصوں میں Yellow وارننگ جاری کی ہے۔ اس نے مدھوبنی، سپول، ارریہ، کشن گنج، پورنیہ، مغربی چمپارن اور کٹیہار ضلعوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی بھی کی ہے۔

**Bihar Nitish**

بہار میں ذات پر مبنی سروے 2022 کی رپورٹ کا دوسرا حصہ جو سماجی اور اقتصادی ڈاٹا پر مشتمل ہے، آنے والے سرمائی اجلاس میں بہار اسمبلی کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ کل پٹنہ میں کُل پارٹی میٹنگ میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے اس کی اطلاع دی ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے 9 سیاسی پارٹیوں کی میٹنگ کی قیادت کی، جس میں جے ڈی یو، آر جے ڈی، BJP، کانگریس، ہندوستانی عوام مورچہ (ایچ اے ایم)، AIMIM اور دیگر بائیں بازو کی پارٹیاں شامل ہیں۔ جناب کمار اور جنرل انتظامیہ محکمہ GAD کے افسران نے سروے کی اہم خصوصیات کے بارے میں سیاسی نمائندوں کو آگاہ کیا، جس میں خاص طور سے لوگوں کے سماجی اور اقتصادی صورتحال کے 17 نکات کو اجاگر کیا گیا ہے۔

**Mumbai-RBI-MPC**

بھارتی ریزرو بینک کی اقتصادی پالیسی کمیٹی کی مہینے میں 2بار ہونے والی میٹنگ آج ممبئی میں شروع ہوئی۔ آر بی آئی کے گورنر شکتی کانت داس جمعہ کے روز اقتصادی پالیسی سے متعلق بیان جاری کریں گے۔ وہ اِسی روز ایک پریس کانفرنس بھی خطاب کریں گے۔ پچھلی میٹنگ کے بعد اقتصادی پالیسی سے متعلق کمیٹی نے سود کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی تھی۔ موجودہ ریپو ریٹ چھ اعشاریہ پانچ فیصد، ریورس ریپو ریٹ تین اعشاریہ تین پانچ فیصدہے۔ آر بی آئی نے 2023-24 میں مجموعی گھریلو پیداوار کی شرح ترقی چھ اعشاریہ پانچ فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے۔

**BJP-ED-Sanjay Singh**

آج بی جے پی نے کہا ہے کہ دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال اور ان کی پارٹی کے رہنماؤں کی بدعنوانیاں ایک ایک کرکے سامنے آرہی ہے۔ نئی دلی میں عام آدمی پارٹی کے ممبرپارلیمنٹ سنجے سنگھ کی رہائش گاہ پر ای ڈی کے چھاپے کا حوالہ دیتے ہوئے پارٹی نے مبینہ طور پر کہا کہ یہ واضح ہے کہ عام آدمی پارٹی شراب گھپلے میں ملوث ہے اور اس نے دلی کے لوگوں کو لوٹا ہے۔ بی جے پی کے دلی یونٹ کے سربراہ وریندر سچدیوا نے میڈیا کو بتایا کہ بی جے پی شروع سے ہی یہ کہہ رہی تھی کہ عام آدمی پارٹی کے رہنما بدعنوانی میں ملوث ہیں اور جناب سنگھ کا نام اِس گھپلے سے متعلق فرد جرم میں پہلے ہی موجود تھا۔ بی جے پی کارکنان نے عام آدمی پارٹی حکومت کے خلاف قومی راجدھانی میں احتجاج کیا اور دلی ایکسائز پالیسی معاملے میں جناب کجریوال کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا۔اِس دوران عام آدمی پارٹی کے رہنما سوروبھاردواج نے مبینہ شراب کے گھپلے کو ایک فرضی گھپلہ قرار دیا۔

**Dominican Republic-VP**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل شام نئی دلّی میں **Dominican Republic** کی نائب صدر **Raquel Pena** سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور **Dominican Republic** کے دوطرفہ تعلقات، بالخصوص تجارت اور کاروبار، تعلیم، دفاع، خلاء اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے علاقائی اور کثیر رُخی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ محترمہ **Pena** بھارت کے چار روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچی ہیں۔ انہوں نے راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کی۔

بھارت کے پہلے دورے پر **Dominican Republic** کی نائب صدر خیر مقدم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ اُن کے دورے کا وقت نہایت موزوں ہیں، کیونکہ دونوں ملک کے سفارتی تعلقات کے **25** برس مکمل ہورہے ہیں۔

**Asian Games**

چین کے ہانگزو میں ایشیائی کھیلوں میں تیر اندازی میں بھارتی جوڑی **Jyoti Surkha Vennam** اور **Ojas Deotale** نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

خواتین کے **57** کلوگرام کے بازی کے زمرے میں پروین ہڈا نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اسکواش میں بھارتی جوڑی ابھے سنگھ اور **Anahat** سنگھ نے مکسڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

بھارت نے ہانگزو ایشیائی کھیلوں میں اب تک کے سب سے زیادہ **73** تمغے جیتے ہیں، جن میں سونے کے **16**، چاندی کے **26** اور کانسے کے **31** تمغے شامل ہیں۔ اِس سے پہلے بھارت نے **2018** میں جکارتہ ایشیائی کھیلوں میں **70** تمغے جیتے تھے۔ بھارت اِس وقت تمغوں کے معاملوں میں چوتھی پوزیشن پر ہے۔